www.KitaboSunnat.com

اِعْتَزَلَ عَنَّا الْوَاصِلُ۔ یعنی واصل ہم سے الگ ہوگیا۔

واصل نے اپنے خیالات کی اشاعت شروع کر دی اور کئی ایک اشخاص جو پہلے بھی مسئلہ تقدیر وغیرہ میں اس کے ہم خیال تھے، اس کے ساتھ ہوگئے۔ ان کا گروہ بڑھتا گیا اور اُن کا نام حضرت حسنؒ کے قول کے مطابق معتزلہ پڑا۔ خلیفہ مامون الرشید اس مذہب کے مشہور عالم ابوہذیل کے شیشے میں اُتر گیا۔ اور اُن کے مخصوص مسائل کو جبر و تشدد سے منوانے لگا۔ جس سے علمائے سنت سخت امتحان وابتلاء میں پڑے۔

(تاریخ اہلحدیث از میر سیالکوٹی ص ۱۴۲-۱۴۱)

(نوٹ) امام اہل السنۃ حضرت امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ پر مسئلہ خلق قرآن کے متعلق جو جبر و تشدد ہوا۔ اور آپ کو (اَلْقُرْآنُ کَلَامُ اللّٰہِ غَیْرُ مَخْلُوْقٍ) کا عقیدہ بیان کرنے پر کوڑے لگائے گئے اور بیڑیاں پہنا کر جیل خانہ میں ڈال دیا گیا۔ یہ غلط عقیدہ کہ قرآن مخلوق ہے، انہی فرقہ معتزلہ کا پیدا کیا ہوا تھا جس کے قبول نہ کرنے پر علمائے اہل السنۃ خصوصاً امام احمد بن حنبلؒ کو بہت سی تکالیف و مصائب کا سامنا کرنا پڑا مسلسل حکومت سے سامنا رہا۔ اور وہ سزا دیتے رہے۔ بالآخر اللہ تعالیٰ نے اپنے نیک بندے امام احمدؒ بن حنبل کے استقلال کو قبول فرمایا۔ اور آپ بعد عزت و احترام اس امتحان میں کامیاب ہوئے۔ اور اہلِ اسلام نے آپ کو اس استقامت پر امام اہل السنۃ کا معزز و محترم لقب عطا فرمایا۔ رَحْمَةُ اللّٰہِ عَلَیْہِ رَحْمَةً وَّاسِعَةً۔

فائدہ: فرقہ جہمیہ اور معتزلہ کے تعارف میں ہم نے اس لیے گذارشات عرض کی ہیں کہ اُن کے تذکرہ و تعارف کے بغیر مسئلہ صفاتِ باری تعالیٰ کی وضاحت نہیں ہو سکتی (تُعْرَفُ الْاَشْیَاءُ بِاَضْدَادِھَا)

چوہدری عبدالعزیزؒ کا انتقال!

معروف دینی اور سماجی شخصیت چوہدری عبدالعزیز (چالیس ڈاکاؤنٹنٹ) یکم اکتوبر ۱۹۹۰ء سہ پہر پانچ بجے حرکتِ قلب بند ہو جانے سے لاہور میں انتقال کر گئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ مرحوم گوناگوں اوصاف کے حامل ایک متحرک شخصیت تھے۔ ساری زندگی خیراتی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے رہے۔ آپ مرکز اہلحدیث ۵۳۔ لارنس روڈ لاہور کے چیئرمین اور کئی سماجی اداروں کے سربراہ تھے۔ وفات کے وقت دینی حلقوں کے علاوہ چھ بیٹیاں اور ایک بیٹا سوگوار چھوڑا ہے۔ اللہ تعالیٰ اُن کی خطاؤں سے درگذر فرمائے اور کارہائے خیر پر اعلیٰ مقامات عطا فرمائے۔ آمین (ادارہ محدث)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ